Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

11 اور 12 سالوں کے لیے انتخابات کرنا

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

طلباء کو یونیورسٹی تعلیم میں دلچسپی ہو سکتی ہے، ان کے ذہن میں مخصوص کیریئر ہوسکتے ہیں جن کے لیے مزید تعلیم اور تربیت کی ضرورت ہو، یا وہ سکول چھوڑنے کے بعد افرادی قوت کا حصہ بننے کا ارادہ رکھتے ہوں۔11 اور 12 سالوں کے طلباء کے لیے وسیع انتخابات دستیاب ہیں جو انہیں یونیورسٹی، ٹریننگ اور روزگار کے متعدد راستے مہیا کرتے ہیں۔

11 اور 12 سالوں کے طلباء کے لیے کورس اور پروگرام کے انتخابات۔

انتخاب	تفصیل
ATAR کورس	آسٹریلین ٹرشری ایڈمشنز رینک (ATAR) کورسز میں عموماً تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ دی جاتی ہے۔جو طلباء ATAR حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں کم از کم سال12 کے چار ATAR کورسز مکمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔اگرچہ انہیں عموماً یونیورسٹی تعلیم تک رسائی حاصل کرنے کے لیے لیاجاتا ہے، تاہم ATAR کورسز سکول کے بعد راستوں ، بشمول پیشہ ور ٹریننگ کی وسیع رینج کی مثالی تیاری بھی کروا دیتے ہیں۔
جنرل کورسز	ان کورسوں کا بنیادی ہدف وہ طلباء ہوتے ہیں جن کا مقصد مزید پیشہ ورانہ تربیت حاصل کرنا ہو یا وہ سکول چھوڑنے کے بعد افرادی قوت کا حصہ بننا چاہتے ہوں۔جنرل کورسز میں ATAR کورس کی طرح بیرونی امتحانات نہیں لیے جاتے ہیں، لیکن سال 12 میں ان میں بیرونی طور پر تیار کردہ لازمی ٹاسک مکمل کرنے ہوتے ہیں جو طالب علم کی مجموعی تشخیص کے 15 فیصد کے برابر ہوتے ہیں۔ طلباء ان جنرل کورسز میں کچھ کو یونیورسٹی کورسز میں متبادل داخلے کے راستے کے حصے کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔
فاونڈیشن کورسز	انہیں ان طلباء کے لیے بنایا گیا ہے جنہیں سال 12 کے اختتام پر پڑھنے لکھنے اور/ یا حساب کتاب میں کم از کم معیار حاصل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ان کورسوں میں فنکشنل خواندگی اور حساب کتاب کی مہارتوں ، کام سے متعلقہ عملی تجربہ حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے اور ان ذاتی مہارتوں کو حاصل کرنے کے مواقع مہیا کیے جاتے ہیں جو زندگی اور کام کے لیے اہم ہوتے ہیں۔ فاونڈیشن کورسز میں امتحانات نہیں ہوتے ہیں ، ان میں سال 12 میں بیرونی طور پر تیار کردہ لازمی ٹاسک ہوتا ہے جو کسی طالب علم کی کورس کے لیے سکول کی سطح پر تشخیص کے 15 فیصد کے برابر ہوتا ہے۔
VET تعلیمی اسناد	طلباء قومی سطح پر تسلیم شدہ ایک ووکیشنل ایجوکیشنل اینڈ ٹریننگ (VET) کوالیفیکیشن مکمل کرتے ہیں۔VET کام کی جگہ پر رہ کروہاں کے لیے مہارتیں اور علم دیتا ہے۔طلباء VET کوالیفیکیشنز کو ویسٹرن آسٹریلین سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن (WACE) کے حصول میں شمار کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔
تائیدہ کردہ (Endorsed) پروگرام	تائیدہ کردہ پروگرام ایسی سرگرمیوں کے ذریعے تعلیم دیتے ہیں جنہیں WACE کورسز یا VET پروگراموں میں نہیں پڑھایا جاتا ہے۔تائیدہ کردہ پروگرام ان طلباء کے لیے ہیں جو ان پروگراموں میں شرکت کرنا چاہتے جنہیں سکولوں، کام کی جگہوں، یونیورسٹیوں اور کمیونٹی تنظیمیں مختلف ماحول میں پیش کرتے ہیں۔تائیدہ کردہ پروگرام سکول کی نصابی یا غیرنصابی سرگرمیوں کے حصے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں اور طلباء انہیں WACE کے حصول میں شمار کرنے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔
ابتدائی (Preliminary) کورسز	ابتدائی کورسز ان طلباء کے لیے بنائے گئے ہیں جن کی نشاندہی ایسے افراد کے طور پر کی جاتی ہے جنہیں سیکھنے میں مشکل ہو اور/ یا انہیں ذہنی معذوری ہو۔ یہ کورسز ان طلباء کے لیے ہیں جو ATAR، جنرل یا فاونڈیشن کورس تک ردوبدل اور/ یا معذوروں کے لیے دی گئی سہولیات کیساتھ رسائی حاصل نہیں کرپا سکتے ہیں۔ ابتدائی یونٹوں کو WACE کے حصول میں شمار کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

D23/1255638
June 2023

CC BY
Exclusions may apply